اَدعیہ جلالیہ

مؤلف

محقق جلیل القدر حاج شیخ حسین جلالی شاہرودی

مترجم

سید عابد حسین نقوی (علی پوری)

پیشکش

ادارہ تعلیمات حقہ کراچی پاکستان

دارالکتاب
خیابان ارم — قم

ادارہ تعلیمات حقہ پاکستان

کتاب ادعیہ جلالیہ

مؤلف

محقق جلیل القدر حاج شیخ حسین جلالی شاہرودی

مترجم

سید عابد حسین نقوی (علی پوری)

پیشکش

ادارہ تعلیمات حقہ کراچی پاکستان



مؤلف کتاب

خیابان ارم ـ قم

نام کتاب : ادعیه جلالیه

مؤلف : حاج شیخ حسین جلالی شاهرودی

مترجم : سید عابد حسین نقوی علی پوری

تیراژ : یکهزار

نوبت چاپ : اول

تاریخ انتشار : ربیع الاول ١٤١١

چاپ : امیر

قطع و تعداد صفحات : جیبی ٢٧٤ صفحه

ناشر : مؤسسة مطبوعاتی دار الکتاب ـ قم ـ تلفن ٥٦٨ ٢

بسمہ تعالیٰ

عرض مترجم

کتاب ہٰذا ادعیہ جلالیہ ، زیارات ، ادعیا ، فضائل نماز اذکار و اعمال مخصوصہ پر مشتمل معتبر اور موثق کتب سے منتخب شدہ نیز علاوہ ازیں باقی دیگر خصوصیات کے ساتھ ایران کی مقبول عام اور شہرۂ آفاق کتب میں سے ہے کہ جس کے کئی ایڈیشن چھاپ ہو کر نایاب ہو چکے ہیں ،

اس کتاب کے مصنف محترم محقق جلیل القدر حضرت علامہ آقائی شیخ حسین جلالی شاہرودی مدظلہ نیز ایران کی اہم شخصیات میں سے ہیں ، چونکہ یہ کتاب بہت خصوصیات کی حامل تھی لہٰذا ، اردو داں احباب کے استفادہ کیلئے حقیر نے اس ،

کتاب کے ترجمہ کرنے کی سعادت حاصل کی، اگرچہ
اس موضوع پر تحفۃ العوام، اور مفاتیح الجنان
جیسی کتب موجود ہیں لیکن ہر گل کی اپنی خوشبو،
ہوتی ہے اور یہ کتاب منفرد مقام کی حامل ہے
جسکا اندازہ قارئین کرام اس کے مطالعہ سے لگا
سکتے ہیں، دعا کرتا ہوں کہ خداوند متعال اس ناچیز
خدمت کو اپنی بارگاہ میں بطفیل محمدؐ وآلِ محمدؐ قبول
اور اس کا ثواب میرے والد مرحوم کو عنایت فرمائے
اور انھیں جوار آئمۂ ہدیٰ علیہم السلام میں جگہ مرحمت
فرمائے، آمین،
کتاب کے ترجمہ اور تصحیح میں کوشش کی گئی ہے لیکن
پھر بھی اشتباہ کا امکان ہے اگر کتابت کی غلطی یا

ترجمہ میں اشتباہ نظر آئے تو امید ہے کہ متوجہ فرمائیں گے
تاکہ دوسرے ایڈیشن میں اصلاح ہو جائے۔

سید عابد حسین نقوی (علی پوری)
مسئول (ادارۂ تعلیمات حقہ، کراچی پاکستان)
مقیم حوزۂ علمیہ قم ایران
پوسٹ بکس نمبر ۱۳۱
پوسٹ کوڈ نمبر ۳۷۱۸۵

مقدمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

الحمد للہ رب العالمین الصلوٰۃ والسلام

علیٰ خیر خلقہ سیدنا محمد وآلہ اجمعین ،

یہ کتاب ادعیہ جلالیہ ، جو آپ کے ہاتھوں میں ہے معتبر اور موثق کتابیں مانند، کتاب شریف کافی ، مہج الدعوات جمال الاسبوع سید ابن طاؤس ، ثواب الاعمال شیخ صدوق بلد الامین مرحوم کفعمی ، مصباح شیخ طوسی ، وکتب مقدس اردبیلی ومیر داماد ۔

کشکول شیخ بہائی ، مفاتیح محدث قمی ، نجم الثاقب ، شیخ نوری اور کتب شریف بحار الانوار مجلسی سے جمع اور ترتیب دی گئی ہے جو تمام معتبر اور زیادہ تر آیات قرآنی ختومات اور قرآنی سورتوں کے خواص ،

اور اسی طرح اسمائے حسنیٰ ، اذکار و اوراد ، جو آزمودہ ، مجرب اور خواص سے ہے ۔ کہ جنکا خود حقیر اور دوسروں نے تجربہ کیا اور جن کے

باعث مہم حاجتیں پوری ہوئیں،

ملتمس ہوں کہ یہ خدمت منظورِ نظر حضرت ولی اللہ الاعظم (روحی وارواح العالمین لمقدمہ الفداء) واقع ہو اور متوسلین بساحت قرب الٰہی، آن سرور کے ظہور اور فرج کی درخواست کے بعد یہ ذرہ از خاکپائے محبان و دوستان اہل بیت و خانوادہ نبوت، کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں،

حسین جلالی شاہرودی

کیوں دعا مستجاب نہیں ہوتی !

کتاب شریف کافی میں منقول ہے ، حضرت امام صادقؑ

نے فرمایا جب مومن دعا کرتا ہے اور بارگاہ الٰہی سے حاجت

طلب کرتا ہے تو رب ذوالجلال اپنے ملائکہ کو حکم دیتا ہے کہ

اس کی اجابت میں تاخیر ڈالدو ، کیوں ؟

چونکہ میں رب ذوالجلال اپنے اس بندے کی صدا اور دعا

کو دوست رکھتا ہوں ،

جب روز محشر ہوگا تو پروردگار عالم خطاب فرمائے گا کہ اے

میرے بندے ، تو نے دعا کی اور میں نے تیری دعا کی اجابت

میں تاخیر کی یہ اسی کا ثواب ہے ،

جب عبد مومن ان الطافات الٰہی کا مشاہدہ کریگا تو کہے گا

اے کاش میری کوئی دعا قبول نہ ہوتی ! اور آج حسن عاقبت

دیکھتا ، کتاب کافی میں حضرت امام صادقؑ سے منقول ہے

فرمایا بنی اسرائیل میں ایک عابد تھا جو ہمیشہ دعا کرتا تھا

کہ خداوند متعال اسے بچہ عطا کرے یہاں تک کہ تین سال گذر گئے۔ جب دیکھا کہ دعا مستجاب نہیں ہو رہی تو شکوہ کیا کہا الہٰی کیا میں تجھ سے دور ہوں کہ میری دعا تجھ تک نہیں پہنچ پائی اور جواب نہیں دیتا!

عالم خواب میں کسی نے اس سے کہا کہ تو خدا کو پکارتا ہے اس زبان کے ساتھ کہ جس سے لوگوں کی بدگوئی کرتا ہے اسی طرح آلودہ قلب اور جھوٹی نیت و ارادے کیسا تھ، اس شخص نے ان حالات میں تغیر و تبدیلی کی، پھر خدا سے دعا کی تو خدا نے اسے بچہ عطا فرمایا۔

کتاب کافی میں منقول ہے ایک شخص نے حضرت امام صادقؑ کی خدمت میں عرض کیا دو آیۂ قرآن میں ایسی ہیں کہ جن پر عمل کرتے ہیں لیکن ان کا صلہ نہیں پاتے،

حضرت نے فرمایا کون سی وہ دو آیۂ ہیں؟

عرض کیا ادعونی استجب لکم، ہم بہت دعا

کرتے ہیں لیکن مستجاب نہیں ہوتیں

حضرت نے فرمایا کیا تو خیال کرتا ہے کہ خدا خلف وعدہ کرتا ہے ؟ عرض کیا نہیں ، فرمایا پس کیوں ! عرض کیا نہیں جانتا ، فرمایا جو خدا کی خدا کے اوامر میں اطاعت کرے اور دعا کو دعا کے طریق سے طلب کرے تو وہ ذات مستجاب فرماتی ہے ، عرض کیا فرمائیں دعا کا طریقہ کیا ہے ؟ فرمایا سب سے پہلے خدا کی حمد کی جائے پھر خدا کی نعمات کا ذکر کر کے ان کا شکر کیا جائے بعد ازاں درود محمد و آل محمدؐ پہ بھیجکر اپنے گناہوں کو یاد لاتے ہوئے ان کا اقرار کر کے ان گناہوں سے خدا کی پناہ حاصل کی جائے ، یہ ہے دعا کا طریقہ ،

پھر حضرت نے فرمایا دوسری کونسی آیت ہے ؟ عرض کیا وَمَآ اَنفَقتُم مِّن شَیءٍ فَھُوَ یُخلِفُہٗ ، میں انفاق کرتا ہوں لیکن عوض نہیں پاتا ، حضرتؑ نے فرمایا

کیا تو نے خیال کیا، کہ خدا نے خلاف وعدہ کیا ہے؟
عرض کیا نہیں، فرمایا پس کس لئے؟ عرض کیا نہیں
جانتا، فرمایا اگر کوئی شخص راہ حلال سے کسب مال
کر کے انفاق کرے تو ایک درہم راہ خدا میں انفاق
نہ کرے گا مگر اس کا عوض دیا جائے گا۔
حضرت امیرالمومنین علیہ السلام خطبہ بیان فرما رہے تھے کہ دوران خطبہ
ہی ایک شخص نے سوال کیا یا امیرالمومنین ہم دعا کرتے ہیں
اور ہماری دعائیں مستجاب کیوں نہیں ہوتیں؟ فرمایا آٹھ
چیزوں کی وجہ سے تمہاری دعائیں قبول نہیں ہوتیں،
اوّل یہ کہ تم خدا کو پہچانتے ہو لیکن اس ذات کا حق ادا نہیں
کرتے دوم یہ کہ تم رسول اللہ پر ایمان لا کر ان کی سنت،
اور طریقت کی مخالفت کرتے ہو پس تمہارے ایمان کا ثمرہ
کیا ہوا، سوم تم قرآن پڑھتے ہو اور کلام خدا کو جانتے ہوئے
اس پر عمل نہیں کرتے چہارم یہ کہ تم کہتے ہو کہ ہم جہنم سے

ڈرتے ہیں اور پھر بھی گناہ اور معصیت الٰہی کرکے اپنے،
آپ کو جہنم کا مستحق بناتے ہو، پس کہاں ہے جہنم کا خوف!
پنجم، تم بہشت چاہتے ہو لیکن اپنے آپ کو گناہوں کے
سبب بہشت سے دور کرتے ہو، ششم، خدا کی نعمات
کو مصرف اور استعمال کرتے ہو لیکن اس ذات کا شکر ادا
نہیں کرتے ہو، ہفتم، خدا نے تمھیں مطلع کیا ہے کہ شیطان
تمھارا دشمن ہے اور اسے دشمن سمجھو اور اُس کے تابع نہ بنا
لیکن تم پھر بھی شیطان کی اطاعت کرتے ہو!
ہشتم، تم لوگوں کے عیوب تو نظر میں رکھتے ہو لیکن اپنے
عیوب کو فراموش کرتے ہو!

پس کس طرح تمھاری دعائیں مستجاب ہوں۔
جبکہ تم خود اجابت دعا کی راہیں بند کئے ہوئے ہو!

جنکی دعائیں مستجاب نہیں ہوتیں

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا چار اشخاص ایسے ہیں کہ جنکی دعائیں قبول نہیں ہوتیں (۱) وہ شخص جو گھر بیٹھ کر کہے خدایا مجھے رزق عطا فرما، پس اس سے کہا جاتا ہے مگر تجھے طلب رزق کیلئے دستور نہیں دیا گیا! (۲) وہ جو زوجہ کے لئے بددعا کرے اسے کہا جاتا ہے مگر اس کی باگ ڈور تیرے سپرد نہیں کی گئی! (یعنی اس کی طلاق کا اختیار تیرے ہاتھ میں ہے) (۳) جس کے پاس مال ہو وہ فضول خرچ کر کے کہے خدایا مجھے روزی دے اسے کہا جاتا ہے مگر تجھے قناعت کا حکم نہیں دیا گیا۔ (۴) وہ شخص جو بغیر گواہ کے کوئی شی کسی شخص کو قرض دے اسے کہا جاتا ہے مگر تجھے قرض دینے کے لئے گواہ لینے کا حکم نہیں دیا گیا۔

پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا چار اشخاص کی دعائیں مستجاب ہیں (۱) اَلْوَالِدُ لِوَلَدِہٖ والدین کی دعا اولاد کے حق میں (۲) وَالْمَظْلُومُ عَلٰی مَنْ ظَلَمَہٗ مظلوم کی دعا ظالم کے متعلق

(۳) والمعتمر حتیٰ یرجع، عمرہ کرنے والے کی دعا یہاں تک کہ وہ لوٹ آئے (۴) والصائم حتیٰ یفطر، روزہ دار کی دعا وقت افطار تک۔

حافظہ اور رفع نسیان کیلئے۔

محقق طوسیؒ کتاب آداب التعلیمین میں حافظہ کیلئے فرماتے ہیں کہ بہترین چیزیں حافظے کے لئے یہ ہیں، کم کھانا، نماز شب خضوع و خشوع کے ساتھ بجا لانا، اور قرائت قرآن مجید کرنا، اور فرمایا کوئی چیز قرائت قرآن کے برابر حافظہ میں موثر نہیں ہے مخصوصاً آیت الکرسی کا پڑھنا، پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا أَفْضَلُ الْأَعْمَالِ أُمَّتِي قِرَاءَةُ الْقُرْآنِ۔

کتاب سفینۃ البحار باب حفظ میں چند چیزوں کو حصول حافظہ کے لئے بیان کیا گیا ہے۔ (۱) محمد و آل محمدؐ پر زیادہ صلوٰۃ بھیجنا (۲) مسواک کرنا (۳) شہد اور کندر چینی سے

کھانا (۴) ۲۱ دانے کشمش سرخ بوقت ناشتہ کھانا،
کہ جو علاوہ ازیں بہت سے امراض سے شفا کا باعث
اور موجب ہے اور بدن کی رطوبات اور بلغم کو کم کرتی
ہے، کتاب ادعیۃ ملّا سقا زادہ نے فرمایا ہے کہ حافظہ کیلئے
مرغی کے انڈے کو اُبال کر چھلکا اُتار کر سورہ انعام کی
آیۂ شریفہ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهِ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ
حَفَظَةً حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ
لَا يُفَرِّطُونَ لکھ کر کھائے مفید ہے، قوت حافظہ کے لئے شیخ
بہائی پیغمبر اکرمؐ سے نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ان
سات آیات کو سات عدد مٹھائی کے ٹکڑوں پر لکھ کر ایک ہفتہ
تک یعنی سنیچر سے لیکر جمعہ تک بوقت صبح کھایا جائے جس کے
سبب قوت حافظہ زیادہ اور انسان کے فصیح ہونے کا موجب

(۱) تعالی اللہ الملک الحق (۲) وقل رب زدنی علما (۳) لاتحرک به
لسانک (۴) ان علینا جمعه وقرآنه (۵) واذا قرأناه فاتبع قرانه

(۱۶) حفظ (۱۷) انہ یعلم الجہر وما یخفی

محدث قمی مفاتیح الجنان میں پیغمبر اسلام سے نقل کرتے ہیں

کہ آنحضرتؐ نے حضرت امیر المومنینؑ کو حافظہ کیلئے تعلیم

فرمایا کہ یا علیؑ ہر نماز کے بعد پڑھا کرو سُبحَانَ مَن لَا یَعتَدِی

عَلٰی اَھلِ مَملَکَتِہٖ سُبحَانَ مَن لَا یَاخُذُ اَھلَ الاَرضِ

بِاَلوَانِ العَذَابِ سُبحَانَ الرَّؤُفِ الرَّحِیمِ اَللّٰھُمَّ

اجعَل لِی فِی قَلبِی نُورًا وَّبَصَرًا وَّفَھمًا وَّعِلمًا اِنَّکَ

عَلٰی کُلِّ شَیءٍ قَدِیرٌ

کتاب کشکول شیخ بہائی میں حافظہ کے لئے روایت ہے کہ

سات دن منقہ کے سات دانوں پر سات مرتبہ اس دعا

کو پڑھ کر کھایا جائے اَللّٰھُمَّ نَوِّر بِکِتَابِکَ قَلبِی وَاشرَح

لِصَدرِی وَاَنطِق بِہٖ لِسَانِی بِحَولِکَ وَقُوَّتِکَ وَلَاحَولَ وَ

لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ مفید ہے،

کتاب خلاصۃ الاذکار میں محدث فیض کاشانی حافظہ کے لئے فرماتے ہیں وقت مطالعہ اس دعا کو پڑھا جائے

اَللّٰهُمَّ اَخْرِجْنِیْ مِنْ ظُلُمَاتِ الْوَهْمِ وَاَكْرِمْنِیْ بِنُوْرِ الْفَهْمِ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا خَزَائِنَ عُلُوْمِكَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

کتاب صفوۃ الاخبار میں علامہ راوندی امام صادقؑ سے نقل کرتے ہیں کہ فرمایا فساد جسم زیادہ کھانے میں ہے فساد روح گناہ کرنے میں ہے، اور فساد فہم و دانش محمدؐ و آل محمدؐ پر صلوٰۃ کے ترک کرنے میں ہے۔

چشم کی بینائی کیلئے

آنکھ کی روشنی کے لئے ہر نماز کے بعد صلوٰۃ پڑھیے بعد از

ان آیات کو تین بار دائیں اور بائیں ہاتھ کی انگلیوں پر
پڑھا جائے البتہ انگلیوں کو بند کئے ہوئے دائیں ہاتھ
کی انگلیوں سے بائیں آنکھ کو مس کیا جائے اسی طرح
بائیں ہاتھ کی انگلیوں سے دائیں آنکھ کو مس کیا
جائے ان آیات کی تلاوت کے بعد نیز صلوٰت
بھیجی جائے،

یُوْسُفُ اَیُّهَا الصِّدِّیْقُ
۔ اِذْهَبُوْا بِقَمِیْصِیْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰی وَجْهِ اَبِیْ
یَاْتِ بَصِیْرًا ۔ وَاْتُوْنِیْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِیْنَ فَكَشَفْنَا
عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ ۔ فَرَدَدْنَاكَ
اِلٰی اُمِّكَ كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ
اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ۔ وَ
مَا اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ

اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ یَا اَللّٰہُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ۔ محدث قمی، مرحوم کفعمی سے نقل کرتے ہیں اور فرماتے ہیں یہ تجربہ شدہ بات ہے درد چشم اور تمام دردوں کے لئے حضرت امام موسیٰ بن جعفرؑ کو وسیلہ قرار دیکر سات سکے مریض کے سرہانے رکھکر موسوی سادات کو دیئے جائیں اور کہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ وَلِیِّکَ مُوْسَی بْنِ جَعْفَرٍ عَلَیْہِ السَّلَامُ اِلَّا عَافَیْتَنِیْ فِیْ جَوَارِحِیْ مَا ظَھَرَ مِنْھَا وَمَا بَطَنَ وَرَفَعْتَ عَنِّیْ جَمِیْعَ الْاٰلَامِ وَالْاَسْقَامِ یَا جَوَادُ یَا کَرِیْمُ یَا رَحِیْمُ وَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

کتاب سفینۃ البحار میں ہے کہ آنکھ کی روشنی کے لئے۔۔

پڑھا جائے اَللّٰھُمَّ بِ

الْكَعْبَۃِ وَبَانِیْھَا وَفَاطِمَۃَ وَاَبِیْھَا وَبَعْلِھَا وَبَنِیْھَا

نَوِّرْ بَصَرِیْ وَبَصِیْرَتِیْ وَسِرِّیْ وَسَرِیْرَتِیْ

مرحوم قمی نے ایک شخص کو ضعفِ بصر کیلئے یہ دعا تعلیم فرمائی

اور کہا دائیں ہاتھ سے آنکھ کو مس کرکے آیت الکرسی پڑھ

علاوہ دعا یہ ہے اُعِیْذُ نُوْرَ بَصَرِیْ بِنُوْرِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا

یُطْفٰی ، ایضاً مفضل سے روایت ہے کہ حضرت امام صادقؑ

کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے اپنی درد چشم سے حضرت

کی خدمت شکایت کی تو حضرت نے فرمایا جب تم کھانے سے

فارغ ہو تو ہاتھ دھونے کے بعد ابرو کو مس کرکے تین

مرتبہ کہو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْمُحْسِنِ الْمُجْمِلِ الْمُنْعِمِ الْمُفْضِلِ

مفضل کہتے ہیں کہ میں نے حضرت کے دستور پر عمل کیا اور بعد از آں درد چشم میں مبتلا نہ ہوا۔

کتاب عین الحیوٰت میں علامہ مجلسیؒ معتبر سند کیساتھ روایت کرتے ہیں کہ کسی شخص نے امام موسیٰ کاظمؑ کی خدمت میں آنکھ کے درد اور نور چشم کے ضعف کی شکایت کی تو حضرتؑ نے فرمایا سورۂ نور کو، تین مرتبہ جامہ پر لکھ کر دھو کر وہ پانی کسی بوتل میں ڈالدیں اور اسے مکرر آنکھوں میں سلائی کیساتھ سرمہ کی طرح لگائیں راوی کہتا ہے میں نے حضرتؑ کے اس دستور پر عمل کیا اور شفایاب ہوگیا، کتاب کافی میں ہے کہ کسی شخص نے امام صادقؑ کی خدمت میں عرض کیا کہ میں بہت درد چشم

میں مبتلا رہتا ہوں، حضرت نے فرمایا کیا تجھے ایسی دعا تعلیم نہ دوں جو تیری دنیا و آخرت کیلئے سود مند اور مفید ہو اور تیری درد چشم کیلئے بھی موجب شفا ہو؟ عرض کیا ہاں یابن رسول اللہ ضرور تعلیم فرمائیں، نماز صبح اور مغرب کیبعد کہو

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَیۡكَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلِ النُّوْرَ فِیۡ بَصَرِیۡ وَالْبَصِیْرَةَ فِیۡ دِیۡنِیۡ وَالْیَقِیۡنَ فِیۡ قَلْبِیۡ وَالْاِخْلَاصَ فِیۡ عَمَلِیۡ وَالسَّلَامَةَ فِیۡ نَفْسِیۡ وَالسَّعَةَ فِیۡ رِزْقِیۡ وَالشُّكْرَ لَكَ اَبَدًا مَّا اَبْقَیۡتَنِیۡ ۔

کتاب مہج الدعوات سید ابن طاؤس میں ہے کہ وہ دعا جو پیغمبر اکرمؐ نے نابینا شخص کو تعلیم دی

کہ جس کے سبب خداوند متعال نے اس نابینا کی بینائی لوٹا دی، آنحضرتؐ نے فرمایا کہ دو رکعت نماز پڑھ کر اس طرح دعا کرو،

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ وَاَدْعُوْكَ وَاَرْغَبُ اِلَيْكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ يَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلَى اللّٰهِ رَبِّیْ وَرَبِّكَ لِيَرُدَّ بِكَ عَلَيَّ نُوْرَ بَصَرِیْ ۔

وہ شخص اس دعا کو پڑھ کر بلند نہ ہوا تھا کہ حق تعالیٰ نے اسے بینائی عطا فرمادی، کتاب بحارالانوار علامہ مجلسیؒ ج ۱۸ میں ہے کہ درد چشم کے لیے دو رکعت نماز پڑھو اسطرح کہ ہر رکعت میں سورہ حمد کے بعد تین مرتبہ قل یاایھاالکافرون

اور ایکمرتبہ آیۂ شریفہ وعندہ مفاتیح الغیب الخ

پڑھی جائے تو درد چشم رفع ہوگا انشاءاللہ

صبح کی دعائیں

کتاب بحار الانوار ج ۱۸ ص ۱۷۹ میں ہے حضرت

امام رضاؑ جب اذانِ صبح اور مغرب سنتے تھے تو

یہ دعا پڑھتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُكَ بِاِقْبَالِ نَهَارِكَ وَاِدْبَارِ

لَيْلِكَ وَحُضُوْرِ صَلَوَاتِكَ وَاَصْوَاتِ دُعَآئِكَ

وَتَسْبِيْحِ مَلَآئِكَتِكَ اَنْ تَتُوْبَ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

اور فرمایا جو مذکورہ دعا ان دو اذانوں کیوقت

پڑھے تو جب اس پر موت آئے گی تو وہ تائب

مرے گا۔ ابن بابویہؒ سے نقل ہوا ہے کہ نماز

صبح کے بعد بلا فاصلہ چار قل پڑھے جائیں یعنی قل یا ایھا الکافرون، قل ھواللہ احد، قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس، بعد ازاں امام صاحب الزمانؑ کا حرز پڑھا جائے جو یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا مَالِكَ الرِّقَابِ وَيَا هَازِمَ الْأَحْزَابِ وَ يَا مُفَتِّحَ الْأَبْوَابِ وَيَا مُسَبِّبَ الْأَسْبَابِ سَبِّبْ لَنَا سَبَباً لَا نَسْتَطِيْعُ لَهُ طَلَباً بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ عَلِيٌّ وَلِيُّ اللّٰهِ۔

ایک موثق اور قابل اطمنان شخص کا کہنا ہے کہ جب بھی میں نے اس حرز مذکور کو پڑھا تو دولت مجھے ملی یا میں نے پیدا کر لیا، کتاب نفس المہموم میں

حضرت امام زین العابدینؑ سے منقول ہے
فرمایا جو شخص تسبیح ہاتھ میں لیکر صبح کے وقت
اس دعا کو پڑھے تو شب تک اسے تسبیحات اللہ
ذکر کا ثواب ملتا رہے گا اور اگر رات کو پڑھے
تو صبح تک ان تسبیحات کا ثواب اس کے نامۂ
اعمال میں لکھ دیا جاتا ہے۔ دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَصْبَحْتُ اُسَبِّحُكَ
وَاَحْمَدُكَ وَاُھَلِّلُكَ وَاُكَبِّرُكَ
وَاُمَجِّدُكَ بِعَدَدِ مَا
اُدِیْرُ بِهٖ سُبْحَتِیْ ۔

کتاب کفایۃ الخصام میں ہے حضرت امام حسینؑ
کی دعا جس کے متعلق رسول خدا نے فرمایا جو شخص

نماز پنجگانہ کے بعد اس دعا کو پڑھے گا تو پریشانیاں
اس کی دور ہوں گی قرض اس کا ادا ہوگا سینہ،
اس کا علم سے پر ہوگا مشکلات اس پر آسان۔
ہوں گی بروز قیامت امام حسینؑ کے ساتھ۔
محشور ہوگا اور امام حسینؑ اس کی شفاعت کریں گے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِكَلِمَاتِكَ وَمَعَاقِدِ عَرْشِكَ
وَسُكَّانِ سَمٰوَاتِكَ وَاَرْضِكَ وَاَنْبِيَآئِكَ وَرُسُلِكَ اَنْ تَسْتَجِيْبَ لِیْ
فَقَدْ رَهِقَنِیْ مِنْ اَمْرِیْ عُسْرٌ فَاَسْئَلُكَ اَنْ
تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تَجْعَلَ لِیْ مِنْ عُسْرِیْ يُسْرًا

کتاب بحار الانوار میں کتاب ثواب الاعمال سے نقل
کرتے ہیں کہ امام صادق نے فرمایا تسبیح حضرت زہرا
کو ہزار رکعت نماز سے زیادہ دوست رکھتا ہوں

شیخ بہائی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں تسبیحِ حضرت زہراؑ اخبار اور روایات میں دو وقتوں کیلئے وارد ہوئی ہے ایک نماز پنجگانہ کے بعد دوسرا سونے کے وقت، روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ تسبیحِ زہرا میں نماز کے بعد الحمدللہ پہلے پڑھا جائے۔ سبحان اللہ سے اور سونے کے وقت سبحان اللہ پہلے پڑھا جائے الحمدللہ سے۔

کتاب صفوۃ الاخبار ص ۳۰۵ پیغمبر اسلام فرماتے ہیں جس شخص کو مہم حاجت درپیش ہو خواہ، حاجت دنیوی ہو اخروی، دس دن تک متواتر ہر روز دس مرتبہ نماز صبح کے بعد قبل اسکے کہ کسی سے کلام کرے اس حرز کو پڑھ کر سجدے

میں اپنی حاجت خدا سے طلب کرے تو بہت
جلد ہی وہ حاجت پوری ہو گی انشاء اللہ۔

اور وہ حرز یہ ہے،

یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَا مُقَلِّبَ
الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ یَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ یَا غِیَاثَ
الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ یَا رَبِّ وَ
اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ یَا رَبِّ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا
بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ بَیْنَ الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی جَسَدِہٖ بَیْنَ الْاَجْسَادِ
وَعَلٰی قَبْرِہٖ بَیْنَ الْقُبُوْرِ وَعَلٰی اِسْمِہٖ بَیْنَ الْاَسْمَآءِ
بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ

کتاب فلاح السائل میں امام صادقؑ فرماتے ہیں کہ

تسبیحِ زہراؑ کے بعد ایک مرتبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ کہہ کر اس طرح دعا کرو۔

اِنَّ اللہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا لَبَّیْکَ رَبَّنَا وَسَعْدَیْکَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَھْلِ بَیْتِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی ذُرِّیَّۃِ مُحَمَّدٍ وَّ السَّلَامُ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمْ وَرَحْمَۃُ اللہِ وَبَرَکَاتُہٗ ! وَاَشْھَدُ اَنَّ التَّسْلِیْمَ مِنَّا لَھُمْ وَالْاِیْمَانَ بِھِمْ وَالتَّصْدِیْقَ لَھُمْ رَبَّنَا اٰمَنَّا وَصَدَّقْنَا وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاکْتُبْنَا مَعَ الشَّاھِدِیْنَ اَللّٰھُمَّ صُبَّ الرِّزْقَ عَلَیْنَا صَبًّا صَبًّا بَلَاغًا لِّلْاٰخِرَۃِ عَلَیْنَا وَالدُّنْیَا مِنْ غَیْرِ کَدٍّ وَّلَا نَکَدٍ وَّ لَامَنٍّ مِّنْ اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِکَ اِلَّا سَعَۃً مِّنْ بَذْلِکَ وَطَیِّبًا

مِنْ وُسْعِكَ مِنْ بَدَلِكَ اَلْمُعَافَاۃَ لَا مِنْ اَیْدِیْ لِئَامِ خَلْقِكَ
اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ النُّوْرَ فِیْ بَصَرِیْ وَالْبَصِیْرَۃَ

فِیْ دِیْنِیْ وَالْیَقِیْنَ فِیْ قَلْبِیْ وَالْاِخْلَاصَ فِیْ عَمَلِیْ
وَالسَّعَۃَ فِیْ رِزْقِیْ وَذِكْرَكَ بِاللَّیْلِ وَالنَّهَارِ عَلٰى لِسَانِیْ
وَالشُّكْرَ لَكَ اَبَدًا مَا اَبْقَیْتَنِیْ اَللّٰهُمَّ لَا تُخَیِّبْنِیْ حُبَّكَ
نِعْمَتَنِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْمَا اَعْطَیْتَنِیْ وَارْحَمْنِیْ اِذَا تَوَفَّیْتَنِیْ
اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ .

کتاب اختیار ابن باقی میں پیغمبر اسلام فرماتے ہیں شب معراج میں نے ایک قصر سرخ جواہر سے بنا دیکھا، تو جبرئیل سے پوچھا یہ قصر کس کا ہے؟ کہا جو نماز صبح کے بعد چالیس مرتبہ کہے یا باسط الیدین بالرحمۃ ارحمنی، جب ،

میں دوسرے آسمان پہ پہنچا تو ایک قصر دیکھا جس کے ستر در تھے تو دریافت کرنے کے بعد معلوم ہوا یہ قصر اس کا ہے جو نماز ظہر کے بعد ستر مرتبہ کہے یا واسع المغفرۃ اغفرلی، جب میں تیسرے آسمان پہ پہنچا تو ایک قصر کا مشاہدہ کیا تو میں نے جبرئیل سے پوچھا یہ قصر کس کا ہے؟ کہا جو نماز عصر کے بعد ستّرہ مرتبہ کہے

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قَبْلَ كُلِّ اَحَدٍ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَا حَيُّ لَا يَمُوْتُ اِرْحَمْ عَبْدَكَ الْخَاطِيَ الْمُعْتَرِفَ بِذَنْبِهٖ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

، اور جب میں ساتویں آسمان پہ پہنچا تو ایک سفید قصر دیکھنے میں آیا جب جبرئیل سے پوچھا گیا، تو کہا یہ اس شخص کے لئے ہے جو ہر

روزہ ۱۵ بار کہے، سُبْحَانَ اللّٰہِ بِعَدَدِ مَا خَلَقَ اللّٰہِ
سُبْحَانَ اللّٰہِ بِعَدَدِ مَا ھُوَ خَالِقٌ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ

کسی معصوم کی تفسیر سے نقل ہوا ہے۔ پیغمبر اسلام نے شب معراج کے متعلق فرمایا ہے کہ میں نے بعض قصروں کا مشاہدہ کیا تو بعض شرف اور کنگروں کیساتھ اور بعض دوسرے سادہ تھے، جب جبرائیل سے سوال کیا تو جبرائیل نے کہا وہ قصر جو شرف اور کنگروں کے ساتھ ہیں وہ ان اشخاص کے ہیں، جو نماز اور بعد از نماز محمد و آلِ محمدؐ پہ درود بھیجتے ہیں، کتاب ثواب الاعمال، میں ہے کہ ایک بوڑھا شخص پیغمبر اسلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا، میں بوڑھا ضعیف، اور ناتواں ہوگیا

ہوں وہ اعمال جو انجام دیا کرتا تھا، نماز، روزہ

حج، جہاد، کہ اب میں ان سے عاجز ہوں لہٰذا

آپ مجھے کوئی ایسا عمل تعلیم فرمائیں، کہ جس سے

مستفید ہوں،

پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا دوبارہ تشریح کے ساتھ اپنی

کیفیت بیان کرو، اسی طرح اس نے تین مرتبہ

دوہرایا، پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا تیرے اطراف۔

درخت اور پتھروں نے تجھ پر رحم کرتے ہوئے

گریہ و بکا کیا ہے، فرمایا جب نماز صبح ادا کر لو

تو کہنا سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيمِ وَبِحَمْدِهٖ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ جب اس طرح کہو گے تو خدا

تمہیں نابینائی، دیوانگی، امراض جلدی، او فقر

و ناتوانی سے نجات دیگا،

عرض کی یہ تو میری دنیا کی منفعت کے لئے ہے

اور آخرت کے لئے کیا کروں ؟ فرمایا ہر نماز

کے بعد کہو اَللّٰھُمَّ اھْدِنِی مِنْ عِنْدِكَ وَاَفِضْ عَلَیَّ مِنْ

فَضْلِكَ وَانْشُرْ عَلَیَّ مِنْ رَحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَکَاتِكَ

کتاب خصال صدوقؒ باب عشر امام صادقؑ سے

سوال ہوا سورہ طٰہٰ آیت ۱۳۰ فسبح بحمد ربک الخ

کے متعلق تو فرمایا واجب ہے مرد و عورت،

مسلمان پر کہ طلوع اور غروب آفتاب سے قبل

دس مرتبہ کہے

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ

الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَ

ہو علی کل شئ قدیر،

کتاب کافی امام جواد فرماتے ہیں جو شخص نماز صبح کے بعد یہ دعا کہے تو اس کی حاجت درگاہِ خداوندی میں رد نہ ہوگی اور ضرور مستجاب ہوگی،

بسم اللہ و باللہ

وَصَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللہِ اِنَّ اللہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ فَوَقٰہُ اللہُ سَیِّاٰتِ مَا مَکَرُوْا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنَاہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ حَسْبُنَا اللہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَۃٍ مِّنَ اللہِ وَ فَضْلٍ لَّمْ یَمْسَسْہُمْ سُوْٓءٌ مَا شَاءَ اللہُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ مَا شَاءَ اللہُ لَا مَا شَاءَ النَّاسُ مَا شَاءَ اللہُ

وَاِنْ كَرِهَ النَّاسُ حَسْبِيَ الرَّبُّ مِنَ الْمَرْبُوبِيْنَ حَسْبِيَ
الْخَالِقُ مِنَ الْمَخْلُوقِيْنَ حَسْبِيَ الرَّازِقُ مِنَ الْمَرْزُوقِيْنَ
حَسْبِيَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ حَسْبِيْ مَنْ هُوَ حَسْبِيْ۔
حَسْبِيْ مَنْ لَمْ يَزَلْ حَسْبِيْ حَسْبِيْ مَنْ كَانَ مُذْ كُنْتُ
لَمْ يَزَلْ حَسْبِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ
وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْم

کتاب کافی، رسول اکرمؐ کا گذر ایک شخص کے، قریب سے ہوا، جو درخت کاری میں مشغول تھا آنحضرت اس شخص کے قریب کھڑے ہوگئے اور فرمایا کیا تو چاہتا ہے کہ تجھے ایسے درخت کی رہنمائی کی جائے کہ جس کی بنیاد استوار، میوہ خوش گوار، اور ثمرہ پاک و پائیدار ہو؟

عرض کیا ہاں یا رسول اللہ فرمایا بوقت صبح و شام
کہو، سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ
اللّٰہُ اَکْبَرُ ہر ایک ذکر ان اذکار میں سے تیرے
لئے دس بہشتی درختوں کے برابر ہے ایسے درخت
کہ جن کے میوے مختلف ہیں جب اس شخص نے
یہ بشارت سنی تو عرض کیا یا رسول اللہ گواہ رہنا
میں نے یہ نخلستان بعنوان صدقہ فقراء مسلمین کے
لئے وقف کر دیا، اسی گفتگو کے درمیان کوئی۔
خاصہ فاصلہ نہ گذرا تھا کہ یہ آیہ مجیدہ نازل ہوئی
فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی فَسَنُیَسِّرُہٗ
لِلْیُسْرٰی کتاب کافی، امام صادق نے فرمایا رسول
خدا کی خدمت میں کچھ فقراء اور محتاج حاضر ہوئے

عرض کی یا رسول اللہ، امراء، اغنیاء غلام خرید کر کے آزاد کرتے ہیں اور ہم فقراء اس پر قدرت نہیں رکھتے اسی طرح وہ حج و عمرہ بجالاتے ہیں لیکن ہم فقراء محروم ہیں وہ صدقہ دیتے ہیں لیکن ہمارے پاس کچھ نہیں کہ ہم بھی صدقہ دیں وہ جہاد کے لئے جاتے ہیں اور ہم نہیں جا سکتے، پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا جو ۱۰۰ مرتبہ اللہ اکبر کہے یہ عمل ۱۰۰ غلاموں کے آزاد کرنے سے بہتر ہے جو ۱۰۰ مرتبہ سبحان اللہ کہے بہتر ہے ۱۰۰ اونٹ راہ خدا میں صدقہ دینے سے اور جو ۱۰۰ مرتبہ الحمد للہ کہے اس کا یہ عمل بہتر ہے ۱۰۰ اسب (گھوڑے) جہاد فی سبیل اللہ میں انفاق کرنے سے اور جو

چند مرتبہ لا الہ الا اللہ کہے بہتر ہے اس کا یہ عمل

تمام لوگوں کے اس دن کے اعمال سے مگر

وہ جو اس سے زیادہ کہے۔

یہ خبر جب اغنیاء کے کانوں تک پہنچی تو انھوں

نے بھی ان اذکار کو کہنا شروع کر دیا۔ فقراء

دوبارہ حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور

عرض کیا یا رسول اللہؐ آپ کی فرمائشات پر

اغنیا بھی عمل کرنے لگے ہیں۔ آنحضرتؐ نے فرمایا

ذالک فضل اللہ الخ۔ یہ فضل الٰہی ہے جسے چاہے

عطا کرے۔ شب و روز کے اذکار،

کتاب ثواب الاعمال حضرت امام صادقؑ فرماتے

ہیں، سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ

الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ کہے تو خداوند متعال کی طرف سے اس کے نامۂ اعمال میں تین ہزار حسنات لکھے جاتے ہیں۔ اور تین ہزار گناہ معاف کیئے جاتے ہیں اور تین ہزار درجات بلند ہوتے ہیں۔ اس ذکر کی وجہ سے بہشت میں ایک مرغ خلق ہوتا ہے جو خدا کی تسبیح کرتا ہے اور اُس مرغ کی تسبیح کا ثواب اس ذکر کرنے والے کے نامۂ اعمال میں لکھا جاتا ہے۔ سید ابن طاؤسؒ نقل کرتے ہیں امام صادقؑ نے فرمایا جو شخص ہر روز وقت غروب یہ ذکر کہے یَا مَنْ خَتَمَ النُّبُوَّةَ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ. اِخْتِمْ لِيْ يَوْمِيْ هٰذَا بِخَيْرٍ وَشَهْرِيْ بِخَيْرٍ وَ سَنَتِيْ بِخَيْرٍ اگر وہ شخص اسی رات یا اسی ہفتے یا اس

ماہ وسال میں مرجائے تو داخل بہشت ہوگا ،

جلد ۳ کتاب بحار ، ابو ایوب انصاری کہتے ہیں

پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا شب معراج بہشت میں میں

حضرت ابراہیمؑ ، خلیل اللہ پر وارد ہوا تو حضرت

ابراہیمؑ نے کہا کہ اپنی امت سے کہنا کہ بہشت میں

زیادہ درخت کاشت کریں کیونکہ بہشت کی زمین ،

بہت وسیع ہے اور اس کی مٹی طینت اور پاک

ہے میں نے سوال کیا بہشت میں کسطرح درخت

کاری کی جائے ؟ تو فرمایا ، لَاحَولَ وَلَاقُوَّۃَ اِلّا

باللہ ، کے ذکر سے ،

کتاب بحار الانوار جلد ۱ ، حسن بصری کہتے ہیں کہ میں

حضرت امام محمد باقرؑ کی خدمت میں منیٰ میں بیٹھا

ہوا تھا کہ جنازہ لایا گیا حضرتؐ نے فرمایا اٹھو
تشیع جنازہ کریں جب قبرستان میں داخل ہوئے
تو فرمایا کیا تجھے ایسی پانچ خصلتیں اور خوبیوں
سے آگاہ نہ کروں کہ جو تجھے بہشت کی طرف لے
جائیں ؟ میں نے عرض کیا ہاں رسول اللہؐ،
تو فرمایا (۱) مصیبت کو چھپائے رکھنا (۲) صدقہ
چھپا کے دینا، اس طرح کہ اگر دائیں ہاتھ سے دیں
تو بائیں کو اطلاع تک نہ ہونے پائے، (۳) ماں باپ
کے ساتھ نیکی کرنا، چونکہ یہ کام رضائے الٰہی کا موجب
بنتا ہے، (۴) لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم
کا زیادہ ذکر کرنا، چوں کہ یہ بہشت کے خزائن میں
سے ایک خزانہ ہے، (۵) محمدؐ و آلِ محمدؐ سے محبت

کتاب کافی میں ہے کہ بعض دوستان آل محمد

نے امام صادقؑ سے طلب کیا کہ حضرت ان کے حق،

میں دعا فرمائیں تو حضرت نے اس طرح دعا کی،

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْھُمْ صِدْقَ الْحَدِیْثِ وَاَدَاءَ الْاَمَانَۃِ وَ

الْمُحَافِظَۃَ عَلَی الصَّلَوَاتِ ' یعنی خدایا انھیں سچائی

ادائے امانت اور اوقاتِ نماز پر محافظت کی توفیق

عنایت فرما۔

کتاب کافی میں امام صادقؑ فرماتے ہیں کہ جو شخص

اس دعا کو روزانہ پڑھے تو اس کے لئے خدا کی

جانب سے بیتالیس ہزار حسنات لکھے جاتے ہیں،

اور بیتالیس ہزار گناہ اس کے نامۂ اعمال سے محو

ہو جاتے ہیں، ایک دوسری روایت میں ہے کہ وہ

سلطان اور شیطان کے شر سے نیز محفوظ رہ جائے گا، اسی طرح ایک اور روایت میں ہے کہ گویا اس نے بارہ مرتبہ ختم قرآن کیا ہو،

اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اِلٰهًا وَّاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا فَرْدًا، لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا

کتاب بحارالانوار ج ۱۸/ ص ۵۳۰، رسول خدا فرماتے ہیں جو شخص روزانہ صد مرتبہ سبحان اللہ کہے اس کا یہ عمل سو اونٹ خانہ کعبہ کیلئے قربانی کرنے سے بہتر ہے، اسی طرح جو روزانہ سو مرتبہ الحمد للہ کہے ایک سو غلام آزاد کرنے سے بہتر ہے اور جو ہر روز ایک سو مرتبہ اللہ اکبر کہے اس

یہ عمل بہتر ہے ایک سو گھوڑے جہاد فی سبیل اللہ
کے لیے روانہ کرنے سے، اور جو ہر روز ایک مرتبہ
لا الہ الا اللہ کہے تو کسی کے اعمال اس کی برابری
نہیں کر سکتے مگر وہ شخص جو اس سے زیادہ کہے
کتاب ثواب الاعمال، حضرت امام جعفر صادقؑ
فرماتے ہیں جو شخص ہر روز پندرہ ۱۵ مرتبہ کہے،
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حَقًّا حَقًّا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِیْمَانًا
وَتَصْدِیْقًا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عُبُوْدِیَّةً وَرِقًّا۔
تو خداوند متعال اپنا لطف خاص شامل حال فرمائے
گا، جب تک کہ وہ بہشت میں داخل نہ ہو،
کتاب بحار الانوار ج ۱۸، علامہ مجلسیؒ پیغمبر اکرمؐ
سے نقل فرماتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا جو شخص

ہر روز ایک سو مرتبہ ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ تو گویا کہ اس نے غنیٰ اور وسعتِ رزق اور بہشت کے دروازے مفتوح اور فقر و جہنم کے دروازے اپنے لئے مسدود کر لیئے ، محدث قمی شہید اول سے اور وہ ، پیغمبر اسلامؐ سے نقل کرتے ہیں کہ آں حضرت نے فرمایا کہ شیطان دو قسم کے ہیں ایک شیطان جنّی اور وہ دور ہوتے ہیں ،

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم کہنے سے اور دوسرے شیطان انسی وہ دور ہوتے ہیں اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کہنے سے ، بحار الانوار ج ۱۸ ، حضرت امام جعفر

صادقؑ فرماتے ہیں رسول خدا روزانہ تین سو ساٹھ مرتبہ جسم کی رگوں کی تعداد کے مطابق فرماتے تھے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ كَثِیْرًا عَلٰی كُلِّ حَالٍ اور اسی طرح روزانہ ستر مرتبہ استغفراللہ اور ستر بار اَتُوْبُ اِلَی اللّٰہ، فرماتے تھے،

ایامِ ہفتہ کی نمازیں

کتاب جمال الاسبوع میں امام حسن عسکریؑ فرماتے ہیں جو شخص سنیچر کے دن چار رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ حمد کے بعد قل ہو اللہ احد اور آیت الکرسی پڑھے تو وہ قیامت کے دن شہداء اور نیک لوگوں کے ساتھ درجات میں ہوگا،

حضرت امام حسن عسکریؑ نے فرمایا، جو شخص بروز اتوار

چار رکعت نماز اس طریقے سے بجا لائے کہ ہر رکعت
میں سورہ حمد کے بعد سورہ تبارک الذی بیدہ الملک ۲۵
پڑھے تو خداوند متعال بہشت میں جہاں چاہے گا
اسے مقام عنایت فرماتے گا،
امام حسن عسکریؑ سے روایت ہوئی ہے کہ جو
شخص پیر کے دن دس رکعت نماز پڑھے اور ہر
رکعت میں سورہ حمد کے بعد دس مرتبہ سورہ توحید
پڑھے، تو رب ذوالجلال قیامت کے دن اس کے
لئے ایسا نور قرار دے گا جو نور اس کے مقام کو
اسطرح نورانی اور منور کرے گا کہ جس کے مقام
کو تمام خلق خدا دیکھ کر رشک کریگی ا
امام عسکریؑ سے منقول ہے جو شخص بروز منگل

چھ رکعت نماز بجالائے اس طرح کہ ہر رکعت نماز
میں سورۂ حمد کے بعد سورہ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ الخ،
سورۂ بقرہ اور سورۂ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ
پڑھے تو خدا اس کے گناہ اس طرح بخشدیگا
جس طرح وہ بغیر گناہوں کے شکمِ مادر سے پیدا
ہوا تھا،

حضرت امام حسن عسکریؑ سے منقول ہے کہ جو
شخص بدھ کے دن چار رکعت نماز اس طرح
پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ حمد کے بعد سورۂ
قل ہو اللہ احد اور سورۂ اِنَّا اَنزلنا، تو حق تعالیٰ
اس کی ہر گناہ سے توبہ قبول فرمائے گا اور اسے
بہشتی حور تزویج فرمائیگا،

حضرت امام حسن عسکریؑ سے منقول ہے جو شخص بروز جمعرات دس رکعت نماز بجالائے کہ ہر رکعت میں سورہ حمد کے بعد دس مرتبہ سورہ توحید پڑھے تو ملائکہ اسے کہتے ہیں کہ جو حاجت تو درگاہ الٰہی میں رکھتا ہو طلب کر کہ وہ پوری ہوگی انشاءاللہ،

روز پنجشنبہ کی مجرب نماز، کتاب ابواب رحمت سید ابن طاؤس رسول خداؐ سے نقل کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا بروز جمعرات چار رکعت نماز پڑھو اس طرح کہ پہلی رکعت میں حمد کے بعد گیارہ مرتبہ سورہ توحید اور دوسری رکعت میں حمد کے بعد اکیس مرتبہ سورہ اخلاص تیسری رکعت میں حمد کے بعد اکتیس مرتبہ سورہ قل

ہو اللہ احد ، رکعت چہارم میں حمد کے بعد اکتالیس
مرتبہ سورہ توحید پڑھیں اور سلام کے بعد اکیاون
مرتبہ سورہ توحید پڑھیں اس کے بعد ۵۱ مرتبہ
دو د شریف پڑھکر حالت سجود میں صد مرتبہ یا اللہ
کہیں ، پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا جو شخص اس ترتیب
سے یہ نماز پڑھکر خداوند متعال سے اگر سوال کرے
کہ پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ جائیں تو ہٹ جائینگے
اور اگر طلب باران کیلئے دعا کرے تو مستجاب ہوگی
حضرت امام حسن عسکریؑ نے فرمایا جو شخص بروز
جمعہ چہار رکعت نماز پڑھے کہ ہر رکعت میں۔
سورۂ حمد کے بعد سورہ تبارک الذی بیدہ
الملک ، ختم سجدہ پڑھے تو حق تعالیٰ اسے داخل

بہشت فرمائے گا اور اہلبیت علیہم السلام کی،
شفاعت اس کے حق میں قبول فرمائے گا،
فشار قبر اور عذاب قیامت سے محفوظ رہے گا،
راوی حدیث نے وقت نماز کے متعلق سوال کیا
تو حضرت نے فرمایا طلوع آفتاب سے لیکر زوال
تک پڑھی جاسکتی ہے

شب ہفتہ کی نمازیں،

کتاب ابواب رحمت میں سید ابن طاؤسؒ اور
ابوجعفر طوسی کتاب مصباح میں پیغمبر اکرمؐ سے نقل
کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا جو شخص شب
ہفتہ چہار رکعت نماز پڑھے کہ ہر رکعت میں،
سورۂ حمد کے بعد تین مرتبہ آیت الکرسی اور

ایک مرتبہ سورہ توحید پڑھے اور سلام کے بعد
تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھے تو حق تعالےٰ اسے
اور اس کے ماں باپ کو بخش دیگا، اور وہ شخص
قیامت کے دن ان میں سے ہوگا کہ جن کی رسول
اکرمؐ شفاعت فرمائنگے۔

شب اتوار کی نمازیں نیز پیغمبر اکرمؐ نے
فرمایا جو شخص اتوار کی رات کو چہار رکعت نماز
پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ حمد کے بعد آیت
الکرسی، قل ہو اللہ احد، اور وسبح اسم ربک الاعلیٰ
ان تینوں کو ایک مرتبہ پڑھے تو وہ بروز قیامت
اسی طرح اٹھے گا کہ اس کا چہرہ چاند کی طرح منوّر
ہوگا، اور حق تعالےٰ اسے نعمت خرد سے بہرہ مند

فرمائے گا بوقت موت تک ،

نماز شب دوشنبہ ، کتاب جمال الاسبوع ،

پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا جو شخص پیر کی رات کو چار رکعت نماز کہ ہر رکعت میں سات مرتبہ سورۂ حمد اور ایک مرتبہ انا انزلنا پڑھے اور سلام کے بعد سو مرتبہ کہے اللھم صلّے علی محمدؐ و آلِ محمدؐ ، اور نیز ایک سو مرتبہ کہے اللھم صلّی علی جبرائیل تو عطا کرے گا خداوند متعال اسے ہر رکعت کے عوض بہشت میں ستر ہزار قصر ، اور ہر قصر میں ستر ہزار گھر ہوں گے اور ہر گھر میں ستر ہزار بیت (کمرے) اور ہر بیت میں ستر ہزار کنیزیں ہوں گی ، اور یہی نماز پنجشنبہ کے متعلق بھی روایت ،

ہوئی ہے، **نماز شب سہ شنبہ** ؛

کتاب ابواب رحمت - پیغمبر اسلام (ص) نے

فرمایا، جو شخص شب سہ شنبہ دو رکعت نماز

پڑھے بدین طریق کہ ہر رکعت میں سورۂ حمد

کے بعد ایکمرتبہ آیت الکرسی اور ایکمرتبہ سورۂ

توحید اور ایکمرتبہ آیۂ شہد اللہ اور انا انزلنا ،

پڑھے تو وہ شخص خداوند متعال سے جو حاجت

طلب کرے گا وہ پوری ہوگی اور اس کا سوال

بارگاہ الہی سے رد نہ ہوگا ، **نماز شب چہار**

شنبہ ؛ نیز پیغمبر اکرم ؐ نے فرمایا جو شخص ،

شب چہار شنبہ دو رکعت نماز پڑھے اس طرح

کہ ہر رکعت میں سورہ حمد کے بعد ، آیت الکرسی

قل ہو اللہ احد، اور انا انزلناہ، کو یعنی ہر ایک سورے کو ایک مرتبہ ہر رکعت نماز میں پڑھے تو حق تعالیٰ اس کے گناہ معاف کر دے گا،

نماز شب پنجشنبہ ؛ کتاب ابواب رحمت میں سید ابن طاؤس اور شیخ ابن مسعود پیغمبر اکرمؐ سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا جو شخص دو رکعت نماز شب پنجشنبہ مابین نماز مغرب وعشاء بجالائے بدین طریق کہ ہر رکعت میں حمد کے بعد پانچ مرتبہ آیت الکرسی پانچ مرتبہ قل یا ایّھا الکافرون، اور پانچ مرتبہ قل ہو اللہ احد اور معوذتین میں سے ہر ایک پانچ مرتبہ پڑھے، اور سلام دینے کے بعد پندرہ مرتبہ استغفر اللہ ربی واتوب الیہ

کہے پھر اس نماز کا ثواب اپنے والدین کیلئے قرار دے

تو گویا کہ اس نے اپنے والدین کا حق ادا کر دیا،

نماز شب جمعہ ۶ کتاب مجموعۃ الاخبار، کتاب

جمال الاسبوع سید ابن طاؤس سے دو رکعت نماز

نقل کرتے ہیں کہ ہر رکعت میں سورہ حمد کے بعد،

ایکمرتبہ آیت الکرسی اور پندرہ مرتبہ قل ھو اللہ احد

اور سلام کے بعد ۱۰۰ مرتبہ صلوٰۃ پڑھ کر جو حاجت

درگاہ الٰہی سے طلب کرے گا قبول ہو گی انشاءاللہ،

سید ابن طاؤس طبرسی سے نقل کرتے ہیں کہ فرمایا،

جس شخص کو خداوند متعال کی طرف حاجت ہو،

وہ شب جمعہ نصف شب کے قریب غسل کرے اور

دو رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں سورۂ حمد

میں ایاک نعبد و ایاک نستعین کو صد مرتبہ تکرار
کر کے سورہ حمد کو تمام کرے اور ایکمرتبہ سورۂ
توحید پڑھے اور پھر رکوع میں جاکر ذکر رکوع کو
سات مرتبہ پڑھے اور اسی طرح ذکر سجود کو سات
مرتبہ پڑھے اور دوسری رکعت پہلی رکعت ترتیب
سے بجالائے، سلام کے بعد اس دعا کو قرائت کرے

اَللّٰهُمَّ اِنْ اَطَعْتُكَ فَالْمَحْمَدَةُ لَكَ وَاِنْ عَصَيْتُكَ
فَالْحُجَّةُ لَكَ مِنْكَ الرَّوْحُ وَمِنْكَ الْفَرَجُ سُبْحَانَ
مَنْ اَنْعَمَ وَشَكَرَ سُبْحَانَ مَنْ قَدَرَ وَغَفَرَ اَللّٰهُمَّ
اِنْ كُنْتُ عَصَيْتُكَ فَاِنِّي قَدْ اَطَعْتُكَ فِي اَحَبِّ
الْاَشْيَاءِ اِلَيْكَ وَهُوَ الْاِيْمَانُ بِكَ لَمْ اَتَّخِذْ لَكَ

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ ؕ

سُبْحَانَ رَبِّ الْمَلَائِکَۃِ وَالرُّوْحِ سُبْحَانَ الْعَلِیِّ الْاَعْلٰی

سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی ۔

کتاب ثواب الاعمال شیخ صدوقؒ ۔ حضرت امام صادقؑ

نے فرمایا جو شخص سورۂ عمّ یتسائلون کو ایک سال

تک ہر روز پڑھے تو وہ یقیناً زیارت بیت اللہ

سے شرفیاب ہوگا ، نیز شیخ صدوقؒ حضرت صادقؑ

سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت نے فرمایا جو شخص ،

سورۂ حج ہر تین دنوں میں پڑھے تو سال تمام نہ

ہونے پائیگا کہ وہ زیارت بیت اللہ سے مشرف

ہوگا ، اور اگر وہ اسی سفر میں مر جائے تو داخل

بہشت ہوگا ،

وَلَدًا وَلَا اَدَّعِ لَكَ شَرِيْكًا مَنًّا مِنْكَ بِهٖ عَلَيَّ
لَا مَنًّا مِنِّيْ بِهٖ عَلَيْكَ وَقَدْ عَصَيْتُكَ يَا اِلٰهِيْ عَلٰى
غَيْرِ وَجْهِ الْمُكَابَرَةِ وَلَا الْخُرُوْجِ عَنْ عُبُوْدِيَّتِكَ
وَلَا الْجُحُوْدِ لِرُبُوْبِيَّتِكَ وَلٰكِنْ اَطَعْتُ هَوَايَ وَ
اَزَلَّنِيَ الشَّيْطَانُ فَلَكَ الْحُجَّةُ عَلَيَّ وَالْبَيَانُ
فَاِنْ تُعَذِّبْنِيْ فَبِذُنُوْبِيْ غَيْرَ ظَالِمٍ لِيْ وَاِنْ تَغْفِرْ
لِيْ وَتَرْحَمْنِيْ فَاِنَّكَ جَوَادٌ كَرِيْمٌ ۔

ایک سانس میں یا کریم کہنے کے بعد کہو

يَا اٰمِنًا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَكُلُّ شَيْءٍ مِنْكَ ۔
خَائِفٌ حَذِرٌ اَسْئَلُكَ بِاَمْنِكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَخَوْفِ
كُلِّ شَيْءٍ مِنْكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَ

اَنْ تُعْطِيَنِي اَمَانًا لِنَفْسِي وَاَهْلِي وَوَلَدِي وَ
سَائِرِ مَا اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَيَّ حَتّٰى لَا اَخَافُ وَ لَا
اَحْذَرُ مِنْ شَيْءٍ اَبَدًا اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَ
حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ يَا كَافِيَ اِبْرَاهِيْمَ
نَمْرُوْدَ وَ يَا كَافِيَ مُوْسٰى فِرْعَوْنَ اَسْئَلُكَ اَنْ
تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَكْفِيَنِي
شَرَّ فُلَانٍ //

پھر سجدے میں جاکر تضرع وزاری کے
ساتھ حاجت طلب کرے، فرمایا نہیں ہے مرد،
مومن اور زنِ مومنہ جو اس نماز اور دعا کو پڑھے
اخلاص کے ساتھ اور اس کی حاجت قبول نہ ہو،

ایام ہفتہ کے اذکار :۔ امیر المومنین پیغمبر اسلامؐ
سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت نے فرمایا جو شخص

ان اذکار کو ترتیب کے ساتھ پڑھے اس کی حاجت قبول ہو گی۔

ہفتہ کو ۷۰ مرتبہ ۔ فَنَادٰی فِی الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ

اتوار کو " " لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ

پیر کو " " لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمُبِیْنُ عَزِیْزًا جَلِیْلًا یَا عَزِیْزُ یَا جَلِیْلُ

منگل کو صد مرتبہ صلوٰت،

بدھ کو اکتالیس مرتبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ خَالِصًا مُخْلِصًا

جمعرات کو " " لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ وَّھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

جمعہ کو ۷۰ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا

یا اللہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۰

کتاب جامع الاخبار، شرحی حاجات کیلئے ہفتہ بھر

میں کہا جائے، شنبہ ہزار مرتبہ یا رب العالمین

یکشنبہ - ہزار مرتبہ - یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

دوشنبہ - ہزار مرتبہ - یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ

سہ شنبہ - ہزار مرتبہ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

چہار شنبہ ہزار مرتبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

پنجشنبہ - ہزار مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ

جمعہ - ہزار مرتبہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

حاجات کیلئے، ان اسماء اللہ کو نماز صبح کیبعد

ایام ہفتہ میں پڑھا جائے

یکشنبہ ۴۸۹ مرتبہ یَا فَتَّاحُ کہے، فتح و نصرت

دوشنبہ - ۱۲۹ مرتبہ یَا لَطِیفُ کہے تو مال کثیر پائیگا

سہ شنبہ - ۹۰۳ مرتبہ یَا قَابِضُ کہے تو اپنی حاجت پائے

چہارشنبہ - ۵۴۱ مرتبہ یَا مُتَعَالِیُ کہے تو روزی کثیر پائےگا

پنجشنبہ - ۳۰۸ مرتبہ یَا رَزَّاقُ کہے تو عزت دارین پائیگا

جمعہ - ۲۵۶ مرتبہ یَا نُوْرُ کہے تو ہر دل عزیز ہوگا

کتاب ادعیہ، تمام مقاصد اور حاجات کے حصول کیلئے ہر روز ایک ہفتہ تک ان اسمائے مبارکہ کو پڑھا جائے اور ابتدا جمعہ سے کی جائے،

جمعہ - ہزار مرتبہ یَا اَللّٰہُ یَا ھُوَ

شنبہ - ہزار مرتبہ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ

یکشنبہ - ہزار مرتبہ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ

دوشنبہ - ہزار مرتبہ یَا فَرْدُ یَا صَمَدُ

سہ شنبہ ۔ ہزار مرتبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

چہارشنبہ ۔ ہزار مرتبہ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ

پنجشنبہ ۔ ہزار مرتبہ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامُ

ختمِ یا علیؑ

دس راتیں متواتر وقت معین میں دو رکعت نماز پڑھنے کے بعد ایک سَو دس مرتبہ درود پڑھ کر ایک ہزار پانچسو تیرہ مرتبہ یا علیؑ کہا جائے اس کے بعد تین مرتبہ درود شریف پڑھکر حاجت طلب کی جائے تو مجرب ہے ۔

ہر ماہ کے یکساں اعمال

کتاب بحار الانوار ، جلد ۱۸ ص ۹۶۶ ، حضرت امام صادق (ع) نے فرمایا جو شخص شب اوّل ہر ماہ دو رکعت نماز پڑھے

اور ہر رکعت میں حمد کے بعد سورۂ انعام پڑھے

اور اس کے بعد خداوند متعال سے سوال کرے تو

حق تعالیٰ اسے ہر خوف اور درد سے محفوظ فرمائیگا

کتاب عین الحیٰوۃ میں علامہ مجلسیؒ، حضرت امام جعفر

صادقؑ سے روایت کرتے ہیں کہ فرمایا جو شخص سورۂ

نحل کو ہر ماہ میں تلاوت کرے تو وہ دنیا میں مقروض

نہ ہوگا اور وہ شخص ستر قسم کی امراض سے محفوظ رہے

گا کہ جن میں سے سہل ترین مرض دیوانگی ہے،

کتاب بحار الانوار جلد ۱۸، حضرت جوادؑ فرماتے ہیں ہر ماہ

کے پہلے دن دو رکعت نماز پڑھی جائے پہلی رکعت میں،

سورہ حمد کے بعد تیس مرتبہ سورۂ انّا انزلناہ اور

دوسری رکعت میں سورۂ حمد کے بعد تیس مرتبہ

سورہ توحید پڑھا کرتے تھے اور جو کچھ میسر ہوتا
وہ صدقہ دیا کرتے۔ دوسری ایک روایت میں
ہے حضرتؑ ان آیات کی تلاوت فرماتے،

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ رِزْقُھَا وَیَعْلَمُ
مُسْتَقَرَّھَا وَمُسْتَوْدَعَھَا کُلٌّ فِیْ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
وَاِنْ یَّمْسَسْکَ اللّٰہُ بِضُرٍّ فَلَا کَاشِفَ لَہٗ اِلَّا ھُوَ وَاِنْ
یُّرِدْکَ

بِخَیْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِہٖ یُصِیْبُ بِہٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِہٖ
وَھُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سَیَجْعَلُ
اللّٰہُ بَعْدَ عُسْرٍ یُّسْرًا مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّةَ
اِلَّا بِاللّٰہِ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ

اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ۔
سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ رَبِّ اِنِّيْ لِمَا
اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا
وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ ۔

توفیقِ حج کے مجربات ؎ کتاب مجتبیٰ،

جبرائیل نے فرمایا جو شخص ہر روز ایک سال تک اس دعا کو پڑھے یا ایک مجلس میں ایام کی تعداد کے مطابق پڑھے کہ جو تین سو ساٹھ دن بنتا ہے تو اپنی جگہ بہشت میں دیکھے گا کہ جس کو چند افرا نے تجربہ کیا ہے اور خواب میں دیکھا ہے وہ یہ ہے ،

سُبْحَانَ اللّٰهِ الدَّائِمِ الْقَائِمِ سُبْحَانَ الْقَائِمِ الدَّائِمِ

کتاب جامع الاخبار ، حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا جو شخص ہزار مرتبہ کہے، لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ تو وہ حج پر جائیگا ،

نیز فرمایا جو شخص ایک مجلس میں ہزار مرتبہ کہے، مَاشَآءَ اللّٰهُ تو اسی سال یا دوسرے سال حجِ بیت اللہ کی توفیق پائیگا

ماہِ رجب کے اعمال

محدثِ قمی کتاب اقبال میں پیغمبر اکرمؐ سے نقل کرتے ہیں کہ بہت ثواب ہے جو ماہ رجب میں قل ھواللہ احد ۔ دس ہزار مرتبہ یا ہزار ، مرتبہ یا صد مرتبہ پڑھے ،

نیز آنحضرتؐ نے فرمایا جو شخص ماہ رجب میں بروز

جمعہ صد مرتبہ قُل ھُوَ اللّٰہُ اَحَد پڑھے تو قیامت کے دن اس کے لئے نور ہوگا جو اسے بہشت کی طرف لے جائے گا،

اسی طرح پیغمبر اسلامؐ سے ماہ رجب بروز جمعہ کے لئے نماز روایت ہوئی ہے مابینِ ظہر و عصر چار رکعت نماز ہر رکعت میں سورہ حمد کے بعد سات مرتبہ آیت الکرسی اور پانچ مرتبہ سورۂ توحید اور دس مرتبہ کہے استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو واسئلہ التوبۃ۔ حق تعالیٰ اس شخص کے نامۂ اعمال میں ہر روز ہزار حسنات اور نیکیاں تحریر فرمائیگا اس شخص کی موت تک اور ہر آیۂ کے عوض اسے بہشت میں شہر عطا فرمائیگا اور

ہر حرف کے عوض اسے قصرِ درِ سفید سے عطا فرمائیگا اور تزویج فرمائیگا اسے حور العین اور حق تعالیٰ اس سے راضی ہوگا اور عابدین میں سے ہو کر قیامت کے دن اٹھے گا اور اس کا خاتمہ بخیر سعادت و مغفرت سے فرمائیگا،

نیز حضرت رسول اکرمؐ سے دو رکعت نماز ماہ رجب کی تمام راتوں کے متعلق روایت ہوئی ہے کہ ہر رکعت میں حمد کے بعد تین مرتبہ قل یا ایھا الکافرون اور ایکمرتبہ قل ہو اللہ احد پڑھے،

سلام کے بعد ہاتھوں کو آسمان کی طرف بلند کرکے کہے

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ

تو حق تعالیٰ اسے ساٹھ حج اور عمروں کا ثواب عطا کرے گا۔

علامہ مجلسیؒ کتاب زاد المعاد میں حضرت امیرالمومنینؑ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول خدا نے فرمایا جو شخص ہر روز و شب ان تین ماہ یعنی ماہ رجب، شعبان، اور ماہ رمضان میں تین مرتبہ ہر ایک ان سورتوں اور اذکار میں سے سورۂ حمد و آیۃ الکرسی و قل یا ایہا الکافرون و قل ہو اللہ احد و معوذتین و دس مرتبہ سبحان اللہ والحمد للہ ولا

